BENAZIR INCOME SUPPORT PROGRAMME
Celebrating Women Empowerment

# GOVERNMENT OF PAKISTAN
# BENAZIR INCOME SUPPORT PROGRAMME (BISP)

URAAN PAKISTAN

# CORRIGENDUM

## (RECRUITMENT ON CONTRACT BASIS)

With reference to our advertisement titled **"Recruitment on Contract Basis"** vide. PID (I) No. 5798/24 published in Daily Express Tribune on 23-02-2025, please note the following correction:

The maximum age limit in the column of **"Required Qualification & Experience"** for the positions of Data Entry Executive (DEE) and Security Guard (SG) should be read as:

- **Max age limit is 30 with 5 years age relaxation as per GOP rules and regulations**
- **The closing date will be applied as 15 days w.e.f the date of publishing this Corrigendum**

All other terms and conditions remain unchanged.

**Director NSER**
BISP HQs, Room 302, 3rd Floor, F-Block,
Pak Secretariat Islamabad. Ph: 051-9246337

Size 10x3

URAAN PAKISTAN

حکومت پاکستان

# بینظیر انکم سپورٹ پروگرام

BENAZIR INCOME SUPPORT PROGRAMME

## خالی اسامیاں (کنٹریکٹ کی بنیاد پر)

بینظیر انکم سپورٹ پروگرام (BISP) اپنے ڈائنامک رجسٹریشن سینٹرز کے اقدام کے لیے ڈیٹا انٹری ایگزیکٹو (DEE) اور سیکیورٹی گارڈ (SG) کی اسامیوں پر تقرری کا ارادہ رکھتا ہے۔ ڈائنامک اینڈرائیڈ ایپلیکیشن کے ذریعے سروے کرنے کیلئے DEEs کو 50,000 روپے ماہانہ فکسڈ تنخواہ اور 10,000 روپے سفری الاؤنس دیا جائے گا، جبکہ سیکیورٹی گارڈ کو ڈائنامک رجسٹریشن سینٹرز (DRC) میں 40,000 روپے ماہانہ دیے جائیں گے۔ تمام تقرریاں خالصتاً کنٹریکٹ کی بنیاد پر ہوں گی جن کی مدت تین ماہ ہوگی اور یہ مزید تین مدتوں تک قابل توسیع ہیں۔ تفصیلی شرائط وضوابط (TORs) ویب سائٹ www.bisp.gov.pk سے ڈاؤن لوڈ کی جاسکتی ہیں۔

| نمبر شمار | عہدہ/عمر/اسامیاں | مطلوبہ تعلیمی قابلیت اور تجربہ |
|---|---|---|
| 1 | **ڈیٹا انٹری ایگزیکٹیو** (DEE)<br>اسامیوں کی تعداد: 1528 (درج ذیل کیٹیگریز کے مطابق)<br>عمر کی بالائی حد: 30 سال (اشتہار کی آخری تاریخ تک) | ▪ 14 سالہ تعلیم (گریجویشن ڈگری)<br>▪ اینڈرائیڈ بیسڈ ایپلیکیشنز کو چلانے کی مہارت اور ڈیٹا انٹری ٹولز سے واقفیت<br>▪ خواتین اور تجربہ کار امیدواروں کو ترجیح دی جائے گی<br>▪ باریک بینی سے کام کرنے اور درستگی کو یقینی بنانے کی صلاحیت<br>▪ عمر کی بالائی حد 30 سال بمعہ حکومت پاکستان کے مروجہ قوانین کے مطابق 5 سال کی رعایت |
| 2 | **سیکیورٹی گارڈ** (SG)<br>اسامیوں کی تعداد: 655 (درج ذیل کیٹیگریز کے مطابق)<br>عمر کی بالائی حد: 30 سال (اشتہار کی آخری تاریخ تک) | ▪ میٹرک (اصل سرٹیفکیٹ)<br>▪ متعلقہ شعبہ میں تجربہ کار امیدواروں کو ترجیح دی جائے گی<br>▪ عمر کی بالائی حد 30 سال بمعہ حکومت پاکستان کے مروجہ قوانین کے مطابق 5 سال کی رعایت |

### کیٹیگری (ا): صوبہ/علاقہ وار جنرل اسامیاں برائے ڈیٹا انٹری ایگزیکٹیو (1528) اور سیکیورٹی گارڈ (655)

| صوبہ | ڈیٹا انٹری ایگزیکٹیو کی اسامیوں کی تعداد | سیکیورٹی گارڈ کی اسامیوں کی تعداد |
|---|---|---|
| پنجاب | 334 | 167 |
| سندھ | 284 | 142 |
| بلوچستان | 250 | 125 |
| خیبر پختونخوا | 312 | 156 |
| آزاد جموں وکشمیر | 66 | 33 |
| گلگت بلتستان | 56 | 28 |
| اسلام آباد | 08 | 04 |
| 25 MRVs کے لیے 2x DEEs فی وین | 50 | – |
| 168 ضلعی ہیڈکوارٹرز DRCs میں 1x اضافی DEE | 168 | – |
| کل تعداد | 1528 | 655 |

## ضروری ہدایات:-

- مذکورہ بالا معیار پر پورا اترنے والے خواہشمند/اہل امیدوار اس اشتہار کی اشاعت کے 15 دن کے اندر آن لائن درخواست مجوزہ فارم "ڈیٹا انٹری ایگزیکٹو (DEE) اور سیکیورٹی گارڈ (SG) کی اسامی کے لیے درخواست فارم" پر دیں، جو بینظیر انکم سپورٹ پروگرام (BISP) کی ویب سائٹ (www.bisp.gov.pk) پر دستیاب ہے۔ درخواستوں/دستاویزات کی ہارڈ کاپیاں اور ای میل کے ذریعے موصول ہونے والی درخواستیں قابل قبول نہیں ہوں گی۔
- امیدواروں کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ درخواست فارم کو مکمل احتیاط سے پُر کریں، بالخصوص ذاتی تفصیلات، قومی شناختی کارڈ (CNIC) نمبر، ڈومیسائل، تعلیمی قابلیت، مذہب، جنس، اور فعال فون نمبر وغیرہ کے درست اندراج کو یقینی بنائیں۔
- کوئی ٹی اے/ڈی اے نہیں دیا جائے گا۔ انٹرویو کے وقت اصل دستاویزات چیک کی جائیں گی، اور اگر کسی بھی قسم کی غلط معلومات یا تضاد پایا گیا تو امیدوار کی درخواست منسوخ کردی جائے گی۔
- سرکاری ملازمت کرنے والے امیدواروں کو منتخب ہونے کی صورت میں اپنی موجودہ ملازمت سے استعفیٰ دینا ہوگا۔
- بینظیر انکم سپورٹ پروگرام (BISP) یکساں مواقع فراہم کرنے والا ادارہ ہے اور تمام جنس اور معاشرے کے پسماندہ طبقات سے تعلق رکھنے والے امیدواروں کو درخواست دینے کی حوصلہ افزائی کرتا ہے۔
- عمر کی حد میں کوئی رعایت نہیں دی جائے گی۔
- اسامی کے متعلقہ ضلع کے ڈومیسائل ہولڈر کو ترجیح دی جائے گی، تاہم یہ انتخاب کا واحد معیار نہیں ہوگا۔
- بینظیر انکم سپورٹ پروگرام (BISP) کو اختیار حاصل ہے کہ وہ پروگرام کی ضروریات کے مطابق آسامیوں کی تعداد میں اضافہ یا کمی کرسکتا ہے یا غیر متوقع/انتظامی مسائل کے باعث کسی بھی مرحلے پر بھرتی کے عمل کو منسوخ یا ملتوی کرسکتا ہے۔
- ڈیٹا انٹری ایگزیکٹو (DEEs) کی اسامی کے امیدواروں کو ٹیسٹ شیڈول کے بارے میں ایس ایم ایس اور بی آئی ایس پی کی ویب سائٹ کے ذریعے مطلع کیا جائے گا، اور اس حوالے سے کوئی علیحدہ اطلاع نہیں دی جائے گی۔ لہٰذا، امیدواروں کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ بھرتی کے عمل کے دوران اپنا دیا گیا موبائل نمبر فعال رکھیں۔
- امیدواروں کو کنٹریکٹ کی بنیاد پر تعینات کیا جائے گا اور وہ کسی بھی بنیاد پر مستقل کا دعویٰ نہیں کرسکیں گے اور نہ ہی بی آئی ایس پی سروس میں مستقل کیے جائیں گے۔


**ڈائریکٹر NSER**

بی آئی ایس پی ہیڈکوارٹرز، کمرہ 302، تھرڈ فلور، ایف بلاک، پاک سیکرٹریٹ، اسلام آباد۔ فون: 051-9246337


Size 30x4